روزنامہ

MB/FD-10FR ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 5 جون 2008ء .... 1429 ہجری 5/احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 126

حصول علم کا سفر

حضرت ابوالدردا ؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جو شخص علم کی تلاش میں کسی راستہ پر گامزن ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے۔ اور فرشتے طالب علم کیلئے اپنے پر بچھا دیتے ہیں۔

(جامع ترمذی کتاب العلم باب فی فضل الفقہ حدیث نمبر 3606)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

زبانی گفتگو میں نقل کرنے والے جوان کا دل چاہے کرلیں اور چاہیں تو رائی کا پہاڑ بنالیں۔ قلم ان کے ہاتھ میں ہے۔ پھر بعض (۔) لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ دو دو گھنٹے تک ان کو سمجھایا جاتا ہے۔ مگر چونکہ ان زبانی تقریروں میں انسان کو سوچنے کا بہت کم موقعہ ملتا ہے اور زبانی تقریریں صرف آنی اور فوری ہوتی ہے ان کا اثر دیرپا نہیں ہوتا اس واسطے مجبوراً اس راہ سے اجتناب کرنا پڑا اور سلسلہ تحریر میں میں نے اتمام حجت کے واسطے مفصل طور سے ستر بہتر کتابیں لکھی ہیں اور ان میں سے ہر ایک جداگانہ طور پر ایسی جامع ہے کہ اگر کوئی طالب حق اور طالب تحقیق ان کا غور سے مطالعہ کرے تو ممکن نہیں کہ اس کو حق و باطل میں فیصلہ کرنے کا ذخیرہ بہم نہ پہنچ جاوے۔ ہم نے اپنی عمر میں ایک بھاری ذخیرہ معلومات کا جمع کر دیا ہے اور جہاں تک ممکن تھا ان کی اشاعت بھی کی گئی ہے اور دوست اور دشمنوں نے ان کو پڑھا بھی ہے۔ زبانی تقریر کا عرصہ کم ہوتا ہے۔ انسان کو اس میں تدبر کرنے کا موقعہ ہی نہیں ملتا۔ بلکہ بعض جوشیلی طبیعت کے آدمیوں کو سمجھنے کا موقعہ ہی نہیں ملتا کیونکہ وہ تو اپنے خیالات کے خلاف سنتے ہی آگ ہو جاتے ہیں اور ان کے منہ میں جھاگ آنے لگ جاتا ہے۔ برخلاف اس کے کتاب کو انسان ایک الگ حجرے میں لے کر بیٹھ جاوے تو تدبر کا بھی موقعہ ملتا ہے اور چونکہ اس وقت مدمقابل کوئی نہیں ہوتا اس واسطے خالی الذہن ہو کر سوچنے کا اچھا موقعہ ملتا ہے۔ مگر بایں ہمہ ہم نے دوسرے پہلو کو بھی ہاتھ سے نہیں دیا اور اس غرض کے واسطے مختلف شہروں میں گئے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 578)

ہم جو کتاب کو لمبا کر دیتے ہیں اور ایک ہی بات کو مختلف پیرایوں میں بیان کرتے ہیں اس سے یہ مطلب ہوتا ہے کہ مختلف طبائع مختلف مذاق کے ناظرین کسی نہ کسی طریقے سے سمجھیں اور شاید کسی کو کوئی نکتہ دل لگ جائے اور اس سے ہدایت پالے اور یوں بھی اکثر دل جو طرح طرح کی غفلتوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ ان کو بیدار کرنے کے لئے ایک بات کا بار بار بیان کرنا ضروری ہوتا ہے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 432)

اس سے زیادہ اور میں کچھ نہیں کہتا کہ تم لوگ ایسے شخص کے ساتھ پیوند رکھتے ہو جو مامور من اللہ ہے پس اس کی باتوں کو دل کے کانوں سے سنو اور اس پر عمل کرنے کے لئے ہمہ تن تیار ہو جاؤ۔ تا کہ ان لوگوں میں سے نہ ہو جاؤ جو اقرار کے بعد انکار کی نجاست میں گر کر ابدی عذاب خرید لیتے ہیں۔ (ملفوظات جلد اول ص 65)

خدا تعالیٰ نے مجھے مبعوث فرمایا کہ میں ان خزائن مدفونہ کو دنیا پر ظاہر کروں اور ناپاک اعتراضات کا کیچڑ جو ان درخشاں جواہرات پر تھوپا گیا ہے اس سے ان کو پاک صاف کروں۔ (ملفوظات جلد اول ص 38)

اس وقت ہم پر قلم کی تلواریں چلائی جاتی ہیں اور اعتراضوں کے تیروں کی بوچھاڑ ہو رہی ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ اپنی قوتوں کو بیکار نہ کریں اور خدا کے پاک دین.......... کے لئے اپنی قلموں کے نیزوں کو تیز کریں۔

(ملفوظات جلد اول ص150)

مدرسۃ الحفظ طلباء میں داخلہ

۞ مدرسۃ الحفظ طلباء ربوہ میں داخلہ برائے سال 2008ء کیلئے درخواست وصول کرنے کی آخری تاریخ 10/ اگست 2008 ہے۔ والدین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچہ کے داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نام مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ ارسال کریں۔

☆ نام۔ ولدیت۔ تاریخ پیدائش۔ ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہو تو)

☆ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ درخواست پر صدر/امیر جماعت کی تصدیق ضروری ہے۔

اہلیت:

☆ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2008ء تک اس کی عمر 12 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

☆ امیدوار نے قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

انٹرویو:

☆ ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 16۔ اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

☆ بیرون ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 18,17۔ اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ مورخہ 15۔ اگست کو دارالضیافت کے استقبالیہ میں اور مدرسۃ الحفظ کے گیٹ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ تمام امیدواران سے درخواست ہے کہ انٹرویو کیلئے آنے سے قبل اس بات کی تسلی کر لیں کہ ان کا نام لسٹ میں شامل ہے نیز مقررہ وقت پر تشریف لائیں۔

عارضی لسٹ اور تدریس کا آغاز: کامیاب امیدواران کی عارضی لسٹ مورخہ 20۔ اگست 2008ء کو صبح 9:00 بجے مدرسۃ الحفظ اور نظارت تعلیم کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی تدریس کا آغاز مورخہ 25۔ اگست سے ہوگا حتمی داخلہ 31 دسمبر 2008ء کے بعد تسلی بخش تدریسی کارکردگی پر دیا جائے گا۔

نوٹ: انٹرویو کیلئے قواعد پر پورا اترنے والے امیدواران کو علیحدہ سے کوئی اطلاع نہیں بھجوائی جائے گی۔

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ پاکستان
پوسٹ کوڈ: 35460
فون: 047-6213322-047-6212473

فجی میں جلسہ یوم مصلح موعود، توسیع عمارت

رپورٹ مکرم نعیم احمد اقبال صاحب مربی سلسلہ لمباسہ ونوالیوو

جلسہ یوم مصلح موعود

امسال خلافت جوبلی کے سال کی وجہ سے جزائر فجی میں تمام جلسوں کا انعقاد ریجن کی سطح پر کرنے کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔

ونوالیوو ریجن کی جماعتوں کا خلافت جوبلی کی تقریبات کے سلسلہ کا پہلا پروگرام جلسہ پیشگوئی مصلح موعود مورخہ 9 رفروری 2008ء کو بمقام ولودا میں منعقد ہوا۔

پروگرام کا آغاز مکرم نعیم احمد محمود صاحب چیمہ امیر ومشنری انچارج فجی کی زیر صدارت تلاوت قرآن کریم اور اس کے انگلش وار دو ترجمہ سے ہوا۔ جلسہ میں تین نظموں کے علاوہ مقررین نے پیشگوئی مصلح موعود کا پس منظر، پیشگوئی کے الفاظ، حضرت مصلح موعود کی ذات میں اس پیشگوئی کا پورا ہونا کے موضوعات پر اردو میں اور حضرت مصلح موعود کے کارنامے پر انگلش میں تقاریر کیں۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے انگلش میں نہایت مؤثر طور پر پیشگوئی مصلح موعود کے مختلف پہلوؤں کو بیان فرمایا اور زندہ خدا کے ساتھ تعلق قائم کرنے کی طرف تمام حاضرین کو توجہ دلائی اور اختتامی دعا کروائی اس جلسہ کی کل حاضری 210 رہی جس میں 45 مہمان تھے۔

احمدیہ سیکنڈری سکول ولودا

پرووڈ ورک بلاک کا افتتاح

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپریل، مئی 2006ء میں جزائر فجی کا نہایت کامیاب اور تاریخی دورہ فرمایا۔ اس دورہ کے دوران حضور اقدس نے جزیرہ ونوالیوو میں قائم احمدیہ سیکنڈری سکول کا بھی دورہ فرمایا۔ اور اسی دوران ہوم اکنامکس بلاک کا افتتاح بھی فرمایا۔ خدا تعالیٰ کے خاص فضل اور پیارے آقا کی بابرکت دعاؤں کے طفیل حضور کے دورہ کے بعد 2007ء میں مزید تین نئے کلاس رومز تعمیر ہوئے جن کا سنگ بنیاد مکرم نعیم احمد محمود صاحب چیمہ امیر ومشنری انچارج نے رکھا اور افتتاح عزت مآب نتانی سوکانی والو Netani sukani valu سابقہ وزیر تعلیم فجی نے فرمایا۔ اب مورخہ 06 فروری 2008ء کو سکول پرووڈ ورک بلاک کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ اس سے پہلے اس بلاک کا سنگ بنیاد مکرم امیر صاحب نے رکھا تھا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی عزت مآب Filipe Bole وزیر تعلیم فجی تھے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ سکول کے مینیجر صاحب اور سکول کے پرنسپل صاحب کی رپورٹس کے بعد مہمان خصوصی نے خطاب فرمایا جس میں انہوں نے فجی میں جماعت احمدیہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ سکول اور سکول کی انتظامیہ کو بھی فجی جونیئر امتحان میں سو فیصد رزلٹ کی مبارکباد پیش کی اور اپنے پرمسرت جذبات کا اظہار فرمایا۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے اپنے مختصر خطاب میں تقریب میں شریک تمام حاضرین اور وزیر صاحب موصوف کا شکریہ ادا کیا اور مہمان خصوصی کی خدمت میں جماعتی لٹریچر تحفۃً پیش کیا۔ اور دعا کروائی دعا کے بعد ووڈ ورک بلاک کی افتتاحی تختی کی نقاب کشائی اور افتتاحیہ ربن وزیر موصوف نے کاٹا اور ووڈ ورک بلاک کا معائنہ فرمایا۔ اس ساری تقریب میں سکول کے تمام بچے ان کے والدین اور سکول سٹاف موجود تھا بچوں میں مٹھائی اور جوس تقسیم کیا گیا۔ جبکہ مہمانوں کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

قارئین کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہماری کوششوں میں برکت ڈالے اور اپنے مزید فضلوں سے نوازے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 18 راپریل 2008ء)

❋❋❋❋❋❋❋

وقار عمل مدرسۃ الظفر ربوہ

❁ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر مدرسۃ الظفر کو 21 مئی 2008ء کو وقار عمل کرنے کی توفیق ملی۔ وقار عمل کے لئے طلبہ کو تین گروپس میں تقسیم کیا گیا۔ ہر گروپ میں دو اساتذہ کو نگران مقرر کیا گیا طلباء کی کل 145 تعداد تھی۔ وقار عمل اقامۃ الظفر دارالصدر شمالی ہدیٰ کی عقبی سڑک پر سرگودھا روڈ سے شروع کر کے ریلوے لائن تک کیا گیا۔ وقار عمل کی کچھ تفصیل پیش ہے۔ وقار میں سڑک کے دونوں اطراف کی صفائی کی گئی اور کیکر، جھاڑیاں سڑک پر جھکی ہوئی شاخوں اور ٹہنیوں کو ختم کیا گیا۔ سڑک کے اطراف میں موجود گڑھوں کو مٹی سے پر کیا گیا اور اینٹوں، کوڑا کرکٹ اور مٹی کے ڈھیر بھی اٹھا کر سڑک کو صاف کیا گیا۔ تمام نالیاں صاف کی گئیں۔ تین پلیوں کی مرمت کر کے راستہ بنایا گیا۔ اس وقار عمل کو دیکھ کر اہل علاقہ متاثر ہوئے، وقار عمل میں ساتھ شامل ہوئے اور صفائی کا خیال رکھنے کا وعدہ کیا۔ وقار عمل صبح سے شام تک دو مراحل میں مکمل ہوا۔ وقار عمل میں مدرسۃ الظفر کے تمام اساتذہ کرام وطلبہ کو بھرپور شرکت کی توفیق ملی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں خدمت دین اور خدمت خلق کی مزید توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

❁ مکرم ڈاکٹر عبدالوحید صاحب فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ کنیز فاطمہ صاحبہ اہلیہ مکرم عبدالستار خادم صاحب مورخہ 20 مئی 2008ء کو جرمنی میں اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔ آپ حضرت مولا بخش صاحب آف گوجرانوالہ رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی تھیں آپ نے اپنے پیچھے دو بیٹے خاکسار اور مکرم میاں عبدالحمید صاحب آف بوخولٹ اور چار بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ آپ والد صاحب مرحوم کے ساتھ ان کی معاونت کے علاوہ بطور صدر لجنہ ایبٹ آباد اور بعد میں صدر لجنہ گوجرانوالہ کینٹ میں لمبا عرصہ خدمات انجام دیتی رہیں۔ آپ کی نماز جنازہ بیت اقصیٰ میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے 23 مئی کو بعد نماز جمعہ پڑھائی۔ تدفین مکمل ہونے پر محترم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ نے دعا کروائی۔ آپ مکرم میاں عبدالسلام صاحب زعیم اعلیٰ انصاراللہ فرینکفرٹ جرمنی اور مکرم خالد محمود صاحب مربی سلسلہ بورکینا فاسو کی خوش دامن تھیں۔ آپ کے تمام بیٹے اور بیٹیاں محض خدا کے فضل وکرم سے اپنے حلقہ جات اور اضلاع میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔ تمام احباب و خواتین سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ والدہ مرحومہ کی مغفرت کرے اور درجات بلند کرتے ہوئے جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور ان کی اولاد در اولاد کو خدمات دین کی توفیق دیتا چلا جائے۔ آمین

داخلہ دارالصناعۃ

❁ دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں درج ذیل ٹریڈز میں داخلے جاری ہیں اور 15 جون 2008ء سے کلاسز کا آغاز ہوگا۔

مارننگ سیشن

1۔ آٹو مکینک 2۔ ریفریجریشن وائر کنڈیشننگ

3۔ ووڈ ورک

ایوننگ سیشن

1۔ آٹو الیکٹریشن 2۔ جنرل الیکٹریشن

3۔ پلمبنگ

داخلہ فارم کے حصول و دیگر معلومات کیلئے دفتر دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ ربوہ فون نمبر 0333-9791378 سے رابطہ کریں۔

بیرون ربوہ طلباء کیلئے ہوسٹل کا انتظام موجود ہے۔

(نگران دارالصناعۃ)

سانحہ ارتحال

❁ مکرم سردار نسیم الغنی صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور تحریر کرتے ہیں۔

مکرم عمران احمد کھوکھر صاحب ابن مکرم اعجاز احمد کھوکھر صاحب ڈیفنس لاہور مورخہ 8 مئی 2008ء کو وفات پا گئے۔ آپ کی عمر 38 سال تھی اور بچپن سے دمہ کے عارضہ کے مریض تھے۔ وفات کے وقت بھی آپ پہ دمہ کی بیماری کا حملہ ہوا تھا جو جان لیوا ثابت ہوا۔ آپ گزشتہ 18 سال سے مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور میں خدمات سرانجام دے رہے تھے اور مجلس کے فعال ترین خدام میں آپ کا شمار ہوتا تھا۔ بوقت وفات آپ بطور نائب ناظم خدمت خلق ضلع لاہور خدمت کی توفیق پا رہے تھے۔ خاص طور پر عطیہ خون کے انتظام کے حوالے سے آپ کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ وفات سے چند گھنٹے قبل بھی آپ مریضوں کے لئے خون کا انتظام کر رہے تھے اور صبح 9 بجے بھی ایک احمدی دوست کے بچے کو MRI کروانے کے لئے ہسپتال لے جانے کے لئے وعدہ کر رکھا تھا جبکہ تین چار روز سے آپ کی طبیعت خراب تھی۔ آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے اور مورخہ 8 مئی کو ہی بیت مبارک ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے بعد نماز مغرب نماز جنازہ پڑھائی اور بعد ازاں بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے دعا کروائی۔ آپ نے اپنی آنکھیں بھی عطیہ کی ہوئی تھیں۔ بعد وفات کورنیا حاصل کر کے مرکز بھجوا دیا گیا۔ آپ کے پسماندگان میں بیوی اور والدین ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کے درجات بلند تر فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے۔ آمین

درخواست دعا

❁ مکرم رانا مقصود احمد صاحب آف جرمنی کے خسر مکرم شیخ بشیر احمد صاحب اوکاڑہ کی طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں انجیوگرافی ہوئی ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

❁ مکرم شیخ محمد اکرام اطہر صاحب ڈیفنس روڈ لاہور کینٹ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار عرصہ 3/4 ماہ سے مختلف عوارض کا شکار ہے۔ بلڈ پریشر، ہرنیا وغیرہ کا بھی سامنا ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ شافی خدا اپنے بے پایاں لطف وکرم سے مجھے کاملہ وعاجلہ صحت عطا کرے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

مکرم انجینئر ابراہیم نصر اللہ درانی صاحب کا ذکر خیر

آج میں نہایت غمزدہ دل کے ساتھ اپنے ایک رفیق کار کا ذکر خیر کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں جو نہایت مخلص احمدی، لائق انجینئر اور ہر وقت خدمت دین کے لئے مستعد رہنے والے تھے۔ وہ 11 مارچ 2008ء کو اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہو چکے ہیں۔

آپ کا اسم گرامی مکرم ابراہیم نصر اللہ صاحب تھا اور آپ اپنے نام کے ساتھ درانی لگا کر اپنے قبیلہ کی پہچان کرواتے تھے۔ آپ کا مالوف وطن ڈیرہ غازی خان تھا۔ وفات سے قبل آپ لاہور میں واپڈا ٹاؤن وغیرہ حلقہ کے صدر جماعت احمدیہ تھے اور NESPAK میں جنرل مینیجر کے عہدہ پر فائز اور حاضر سروس تھے۔ ابھی آپ کی ریٹائرمنٹ میں چند سال باقی تھے کہ 1976ء سے میرا اور ان کا بالمشافہ تعارف راولپنڈی میں ہوا اور پھر تادم آخر ہمارا قریبی تعلق رہا۔ وہ بھی اکثر محکمانہ تعصب کا شکار رہے۔ لیکن ہمیشہ اللہ کی رضا پر راضی رہے۔ انہی کی تحریک پر میں نے بھی NESPAK میں (1977ء کے شروع میں) سروس جائن کی تھی۔ اس سے قبل ان کے بڑے بھائی مکرم شاہین سیف اللہ صاحب (سابق امیر ضلع چکوال) انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور میں طالب علمی کے زمانہ سے میرے جاننے والے تھے۔ دراصل انہی کو میں ایک احمدی انجینئر دوست ملک مسعود احمد مرحوم کے ساتھ ملنے کے لئے ان کے گھر گیا تھا جہاں دونوں بھائی اکٹھے رہتے تھے۔ کچھ عرصہ بعد ہم دونوں NESPAK ہیڈ آفس میں اکٹھے بھی رہے۔ مسقط میں بھی ایک ہی وقت میں ساتھ رہے اور بعد میں بھی مسلسل میل ملاپ رہا۔ اکثر احمدی دوستوں کو میرا تعارف کرواتے تھے کہ یہ میرے بھائی شاہین سیف اللہ کے دوست تھے لیکن اب میرے ''زیادہ'' دوست ہیں اور اس کا فلسفہ یہ بتاتے تھے کہ ایک ہی دفتر کے رفقاء کار فیملی سے بھی زیادہ وقت اکٹھے گزارتے ہیں وہ اس طرح کہ اگر سونے اور غسل خانے اور بازار اور بیت الذکر میں نمازوں کے اوقات کو نکال دیا جائے تو اتنا وقت انسان اپنی فیملی کے ساتھ نہیں گزارتا جتنا دفتر میں اپنے رفقاء کار کے ساتھ گزارتا ہے۔ جب بھی ملتے حضرت مسیح موعود یا خلفاء یا جماعت کی کوئی بات ہوتی۔ اکثر کہتے کہ آج ہم نے چھریاں رگڑ کر اپنی روحانی آلائش ان بزرگوں کے تذکرہ سے دور کرلی ہے۔ آپ کا اشارہ حضرت خلیفہ اول کے املا کردہ اس واقعہ کی طرف ہوتا تھا جو مرقاۃ الیقین کے صفحہ نمبر 79 اور 80 پر ہے۔

''.....شاہ عبدالرزاق صاحب ایک بزرگ تھے۔ میں ان کی خدمت میں اکثر جایا کرتا تھا ایک زمانہ میں مجھ سے سستی ہوئی اور کچھ دنوں کے بعد ان کی خدمت میں پہنچا تو انہوں نے فرمایا کہ نورالدین! تم بہت دنوں میں آئے فرمانے لگے کبھی تم نے قصاب کی دکان بھی دیکھی ہے؟ جب اس کی چھریاں کند ہو جاتی ہیں تو وہ دونوں چھریاں لے کر ایک دوسری سے رگڑتا ہے۔ چھریوں کی دھار پر جو چربی جم جاتی ہے اس طرح رگڑنے سے وہ دور ہو کر چھریاں تیز ہو جاتی ہیں اور قصاب پھر گوشت کاٹنے لگتا ہے اور اس طرح تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چھریوں کو آپس میں رگڑ کر تیز کرتا رہتا ہے۔ میں نے عرض کی کہ ہاں حضرت یہ سب کچھ دیکھا ہے مگر آپ کا اس سے کیا مطلب؟ فرمایا کچھ ہم پر غفلت کی چربی چھا جاتی ہے کچھ تم پر۔ جب تم آجاتے ہو تو کچھ تمہاری غفلت دور ہو جاتی ہے کچھ ہماری اور اس طرح دونوں تیز ہو جاتے ہیں۔ پس ہم سے ملتے رہا کرو اور زیادہ عرصہ جدائی اور دوری میں نہ گزارا کرو''۔

ابتدائی تعلیم آپ کی ڈیرہ غازیخان اور ملتان وغیرہ کی تھی جہاں آپ کے والد آغا محمد بخش صاحب ایم اے (انگلش) محکمہ تعلیم کے ڈائریکٹر تھے۔ بتاتے تھے کہ میرے والد پرانے زمانے کے اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے اور حضرت مصلح موعود کے خطبات جمعہ الفضل سے پڑھ کر اس لئے احمدی ہوئے تھے کہ اگر بانی جماعت احمدیہ کے خلیفہ اور بیٹے اتنے قادرالکلام ہیں اور ایسا خطبہ پیش کرتے ہیں جس کی نظیر نہیں ملتی تو جس کے یہ بیٹے اور خلیفہ ہیں وہ کتنی عظیم اور صادق ہستی ہوگی۔ چنانچہ اختلافی مسائل میں جائے بغیر انہوں نے حضرت مصلح موعود کی بیعت کرلی اور اکثر کہتے تھے کہ مجھے اختلافی مسائل کا سرے سے علم ہی نہیں۔ مجھے تو حضرت مصلح موعود کے خطبات نے احمدیت قبول کرنے کا اذن دیا ہے۔ غالباً ان کے والد آخری عمر میں بیمار ہوگئے تھے اور لاہور میں رہائش اختیار کرلی تھی۔ رحمٰن آباد کا ذکر اکثر کرتے تھے۔ وہاں پر ابراہیم نصراللہ درانی صاحب۔ خدام الاحمدیہ کے زمانے میں زعیم حلقہ بھی رہے۔ انہیں اپنے والد صاحب کی اس طرح خدمت کی توفیق ملتی رہی کہ جمعہ کے روز رحمٰن آباد سے دارالذکر تک وہیل چیئر (Wheel Chair) پر اپنے والد بزرگوار کو لے جاتے۔ انہوں نے اپنی سروس کا آغاز محکمہ شاہرات پنجاب سے کیا لیکن جلد ہی NESPAK کے معرض وجود میں آنے کے بعد اس ادارے میں آگئے۔ پہلے راولپنڈی دفتر تھا پھر لاہور آگیا جب ہم لاہور اکٹھے ہوئے تو ہمیں لاہور سے باہر مختلف جگہوں پر ٹرانسفر کر دیا گیا۔ ایک بار پھر اکٹھے ہوئے تو پالیسی کے طور پر ہمیں اکٹھے ایک جگہ رکھنے کی بجائے ایک اور دوسری جگہ بھیجنا مناسب سمجھا گیا۔ چنانچہ وہ کئی سالوں سے لاہور میں ہی رکھ لئے گئے اور مجھے کئی جگہوں پر جیسے مظفرگڑھ، پسنی، پشاور اور اٹک وغیرہ کے پراجیکٹس کروانے پڑے۔ شاید یہی ہمارے مقدر میں لکھا ہوگا کیونکہ اس کے نتیجے میں اللہ نے جو فضل کئے وہ بے حد و حساب ہیں۔ لاہور میں ٹاؤن شپ کے آگے جوہر ٹاؤن کے حلقہ میں پہلے واپڈا ٹاؤن اور نیسپاک کالونی وغیرہ شامل تھیں اور موصوف وہاں کے کئی سال تک صدر جماعت احمدیہ رہے۔ اس دوران انہیں اپنے ایمپلائر (Employer) نے نائیجیریا بھیجنا چاہا انہوں نے حفظ ماتقدم کے طور پر اور تقویٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے نائب صدر کو چارج دے دیا لیکن برا ہو تعصب کا، ان کے خلاف ایک درخواست چلی گئی کہ احمدی کو اپنے خرچ پر کمپنی دعوت الی اللہ کے لئے باہر کیوں بھیج رہی ہے؟ اس درخواست پر کئی متعصبین کے دستخط تھے۔ چنانچہ ان کا معاملہ رک گیا۔ جب جوہر ٹاؤن سے واپڈا ٹاؤن وغیرہ کو الگ کر دیا گیا تو یہ پھر نئے حلقے کے صدر بن گئے۔

جب بیت بشارت سپین کا افتتاح ہوا تو یہ ان دنوں نائیجیریا دورے پر گئے ہوئے تھے واپسی پر انہوں نے اپنے پروگرام کو اس طرح ترتیب دیا کہ اس مبارک تقریب میں شامل ہوگئے۔ ابھی گزشتہ دنوں اپنی بیٹی کے پاس کینیڈا گئے تو انگلینڈ بھی گئے اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے بڑی محبت تھی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی وفات سے کچھ عرصہ پہلے انہوں نے خواب دیکھی کہ کسی مہم کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث جا رہے ہیں لیکن اپنی جگہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کو بھجوا دیتے ہیں۔ چنانچہ جلد ہی حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا انتقال ہوگیا اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خلافت کا مبارک دور شروع ہوگیا۔ یہ خواب پوری تفصیل کے ساتھ خلافت رابعہ کے آغاز پر الفضل میں چھپ چکا ہے۔ 10 ستمبر 1982ء کو بیت بشارت کا افتتاح حضرت خلیفہ ثالث نے کرنا تھا لیکن حضرت خلیفہ رابع کے ہاتھوں مقدر ہوا۔

خلافت ثالثہ کے دوران اکثر خدام الاحمدیہ کے اجتماع کے علاوہ انصار اللہ کا اجتماع بھی Attend کرتے تھے اور کہتے تھے انصار اللہ کے اجتماع میں زیادہ لطف آتا ہے۔ بڑے بڑے بزرگ آئے ہوتے ہیں۔ جب حضرت مرزا طاہر احمد صاحب مجلس انصار اللہ مرکزیہ کے صدر بنے تو انہوں نے انصار اللہ کا اجتماع Attend کیا اور بڑے ولولے سے بتایا کہ ان کے ایک بڑے بھائی بڑے احترام سے ان سے اجازت مانگ کر باہر گئے اور جماعتی وقار انہیں بڑا دلفریب لگا۔

جب یہ مسقط آئے تو ہم دونوں الگ الگ پراجیکٹس پر کام کر رہے تھے کبھی کسی دن اکٹھے ہوتے تھے اور اس روز ہم ضرور تہجد باجماعت پڑھتے تھے۔ شروع میں میں کیپیٹل ایریا میں تھا۔ میں آگے صحار چلا گیا۔ یہ کیپیٹل ایریا میں آگئے۔ چنانچہ میرے جانے کے بعد جو رمضان آیا انہیں تراویح پڑھانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ کچھ عرصہ کے لئے یہ صحار میں آگئے اور وہاں زیادہ وقت ایک دوسرے کو دے سکتے تھے۔ صحار میں باقاعدہ جماعت قائم ہو چکی تھی بعض شرارتی عناصر سے ہمارے اکٹھے مل بیٹھنے، جمعہ پڑھنے اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خطبات سننے سنانے برداشت نہ ہو سکے اور تخریبی کارروائیاں شروع ہوگئیں لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں حقیقی نقصان سے بچالیا گو بعض قربانیاں دینی پڑیں۔

جب لاہور اکٹھے ہوئے تو وہاں اوپر یہ فیصلہ ہوا کہ دونوں کو اکٹھا نہیں رکھنا۔ تاہم اللہ تعالیٰ کے مامور نے پہلے سے ہی فرمادیا تھا۔ ع

تلخی کی زندگی کو کرو صدق سے قبول

چنانچہ سروس کے دوران مسلسل یہی کیفیت رہی۔ لیکن انہوں نے خدا کے سوا کبھی بندوں کا خوف نہیں کیا اور خدا تعالیٰ ہمیشہ خود حفاظت فرماتا رہا۔

آپ بڑے لائق انجینئر تھے۔ تعصب کے باوجود اس کا سب کو اعتراف تھا کئی بار انہیں کسی پراجیکٹ کا مینیجر بنایا اور پھر انہیں تبدیل کر کے کسی اور کو لگا دیا گیا۔ لیکن انہوں نے کبھی شکوہ نہیں کیا۔ بس اللہ کی رضا پر راضی رہتے اور صبر اور شکر کے ساتھ اپنے دینی اور دنیوی کاموں میں مصروف رہتے۔ لاہور میں قیام کے دوران انہوں نے ایل ایل بی بھی کیا۔ ہومیو پیتھک ڈاکٹری بھی کی اور ایم ایس سی ٹرانسپورٹیشن انجینئرنگ میں بھی داخلہ لے لیا۔ غرض علمی ترقی اور علم بڑھانے کا شوق پورا کرتے رہتے کئی دوستوں کو ہومیو پیتھک کی دوائیں مفت دیتے رہے اور خدمت خلق کا سلسلہ جاری رکھا۔

IAAAE لاہور چیپٹر کی عاملہ کے اہم رکن رہے۔ ایک سالانہ کنونشن میں جو ربوہ منعقد ہوئی انہوں نے Motorway کے تعارف پر مقالہ بھی پڑھا تھا۔ جب وارسک ہائیڈل پراجیکٹ پر تھے تو وہاں سے ٹیکنیکل میگزین کے لئے ایک مضمون بھی بھیجا تھا جو بوجوہ شائع نہ ہو سکا۔ جہاں تک میں نے مشاہدہ کیا ہے اپنے رشتہ داروں کا بہت خیال رکھتے تھے صلہ رحمی کا جذبہ تھا ان کی بیماری کے دوران ان کے بڑے بھائی نے کہا کہ ہیں تو مجھ سے چھوٹے لیکن میری ہر ضرورت پر بڑا بھائی بلکہ باپ بن کر دکھایا۔

ان کی وفات کی خبر سن کر NESPAK کے کئی سینئر افسران کے گھر تعزیت کے لئے حاضر ہوگئے۔ وفات والی رات ہی ان کا تابوت ربوہ لایا گیا۔ 12 مارچ 2008ء کو صبح نو دس بجے کے قریب نماز جنازہ کے بعد ان کی تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کی نیکیوں کو جاری رکھے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے مخلص احمدی بیوہ کے علاوہ ایک شادی شدہ (صاحب اولاد) بیٹی اور ایک طالب علم بیٹا چھوڑا ہے۔ بیٹی والد کی بیماری کی خبر سن کر وفات سے چند دن

(باقی صفحہ 4 پر)

مکرم ساجد منور صاحب

دابو۔آئیوری کوسٹ میں جلسہ سالانہ و بکسٹال

دابوریجن کے پہلے جلسہ سالانہ کا انعقاد

اللہ تعالیٰ کے فضل سے امسال دابوریجن کو اپنا پہلا جلسہ سالانہ 22 اور 23 فروری 2008ء کو منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ یہ جلسہ دابوریجن کی ایک دیہاتی جماعت جولابوگو (Goulabougou) میں منعقد کیا گیا۔

22 فروری کو نماز جمعہ سے قبل ہی مختلف جماعتوں کے احباب وفود کی صورت میں آنا شروع ہوگئے۔ ہر وفد کی آمد کا منظر دل پر گہرا اثر کرنے والا تھا۔ کیونکہ ہر وفد جب گاؤں میں داخل ہوتا تو بلند آواز سے توحید کے ترانے گاتے ہوئے داخل ہوتا اور استقبال کرنے والے ہر وفد کا بلند آواز سے نعرہ ہائے تکبیر، اللہ اکبر اور احمدیت زندہ باد کے نعروں سے جواب دیتے ہوئے استقبال کرتے۔

افتتاحی اجلاس

افتتاحی اجلاس کی صدارت مکرم عبدالرشید انور صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ پہلا اجلاس سہ پہر تین بجے تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا۔ تلاوت کا ترجمہ فرنچ اور مقامی زبان 'جولا' میں بھی کیا گیا۔ اس کے بعد حضرت اقدس کا عربی قصیدہ خوبصورت آواز سے پڑھا گیا۔

اس جلسہ کی پہلی تقریر ''جلسہ سالانہ کی غرض و غایت'' اور دوسری تقریر ''امام مہدی کی آمد'' کے موضوع پر تھی۔ دونوں تقاریر کا مقامی زبان میں ترجمہ بھی ہوا۔

اس اجلاس کی آخری تقریر مکرم عبدالرشید صاحب انور مربی سلسلہ نے پیشگوئی مصلح موعود کا پس منظر اور کارنامے کے عنوان پر کی۔ اس تقریر کا بھی ساتھ کے ساتھ مقامی زبان میں ترجمہ نشر ہوتا رہا۔ پانچ بج کر پانچ منٹ پر یہ اجلاس دعا کے ساتھ ختم ہوا۔

دوسرا اجلاس

دوسرا اجلاس جو کہ مجلس سوال و جواب کی صورت میں تھا نماز عشاء کے بعد مکرم صدر صاحب مجلس انصاراللہ آئیوری کوسٹ کی زیر صدارت شروع ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد مقامی زبان میں جماعت احمدیہ کے تعارف کے موضوع پر ایک تقریر ہوئی جس کے بعد سوال و جواب کا سلسلہ شروع ہوا۔ رات ساڑھے گیارہ بجے دعا کے ساتھ یہ مجلس برخاست ہوئی۔

دوسرا روز

دوسرے روز کا آغاز نماز تہجد باجماعت سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد درس قرآن دیا گیا۔

اختتامی اجلاس

اس جلسہ کا اختتامی اجلاس مکرم عبدالقیوم پاشا صاحب امیر و مشنری انچارج آئیوری کوسٹ جو دارالحکومت آبی جان سے صبح ہی تشریف لائے تھے کی صدارت میں منعقد ہوا۔

اختتامی اجلاس صبح 9 بجے تلاوت قرآن کریم اور نظم کے ساتھ شروع ہوا۔ ان کے تراجم مقامی زبان میں کئے گئے۔

پہلی تقریر مکرم عبدالرشید صاحب انور مربی سلسلہ نے ''احمدیت، امن کا پیغام'' فرنچ زبان میں کی جس کا مقامی زبان میں ترجمہ بھی ہوا۔ دوسری تقریر ایک مقامی معلم مکرم قاسم تورے صاحب نے ''احمدیت اور تائیدات سماویہ'' کے عنوان پر کی۔

تاثرات مہمانان کرام

اختتامی اجلاس میں خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ متعدد گورنمنٹ افسران کے علاوہ آٹھ دیہاتی امام اور پانچ گاؤں کے چیفس تشریف لائے۔ سب نے اپنے خطاب میں احمدیت کے کاموں کو سراہا اور جلسہ میں شامل ہونے پر خوشی کا اظہار کیا۔

دابوشہر کے پولیس کمشنر ایک گھنٹے کا سفر طے کر کے اس جلسہ میں شامل ہوئے۔ انہوں نے بھی اپنے خطاب میں جماعت احمدیہ کی خدمات کو سراہا کہ یہ ایک پُرامن جماعت ہے۔

معزز مہمانوں کی تقاریر کے بعد مکرم امیر صاحب نے دابوریجن میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کئے۔ اس جلسہ میں آٹھ جماعتوں سے کل 645 افراد شامل ہوئے جن میں 30 نومبائعین شامل تھے۔

اس کے بعد مکرم امیر صاحب نے صد سالہ خلافت جوبلی اور ہماری ذمہ داریاں کے عنوان پر تقریر کی جس کا مقامی زبان میں ترجمہ بھی ہوا۔

آخر پر مکرم امیر صاحب نے اختتامی دعا کروائی اور یہ جلسہ بخیر وخوبی اختتام کو پہنچا۔

قبولیت دعا کا نشان

گراں لاؤ (Grand Lahou) شہر کے میئر صاحب نے خطاب میں کہا کہ ہمارا تعاون ہروقت احمدیوں کے ساتھ ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ کافی عرصہ سے ہمارے علاقہ میں بارش نہیں ہوئی اس لئے مچھلی کی کمی ہوگئی ہے۔ احمدی دعا کریں کہ بارش آئے۔ چنانچہ مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ کے ایک دن بعد ہی رات کو بارش ہوئی اور مسلسل تین دن تک بارش ہوئی۔ الحمدللہ

اللہ تعالیٰ تمام شاملین جلسہ سالانہ کے ایمان کو بڑھائے اور جلسہ دابوریجن میں احمدیت کی آئندہ ترقیات کا پیش خیمہ ہو۔ آمین

صنعتی میلہ میں جماعت کا بکسٹال

دابوشہر میں گورنمنٹ انتظامیہ کے تحت ہر سال ماہ دسمبر میں ایک صنعتی میلہ منعقد کیا جاتا ہے جس کا انتظام شہر کے میئر کے سپرد ہوتا ہے۔ اس میلہ میں دابوشہر کے بڑے بڑے تاجروں کے علاوہ بعض کپڑوں اور جوتوں کے تاجر نائیجر، مالی اور گنی وغیرہ ممالک سے بھی آتے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ میلہ بہت بڑا اور تاجروں کے لئے کافی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔

اس سال یہ میلہ 22 دسمبر 2007ء تا 2 جنوری 2008ء منعقد ہوا۔ اس نمائش میں جماعت بھی سٹال لگاتی ہے۔ امسال بھی انتظامیہ سے اس سٹال کی منظوری کے لئے درخواست دی گئی جس کو منظور کر لیا گیا۔ چنانچہ ہم نے بکسٹال کے لئے میلہ کی Main Entrence کے ساتھ ہی جگہ پسند کی جس کی اجازت بھی دے دی گئی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے 21 دسمبر 2007ء کو صبح کے وقت دعا کے ساتھ سٹال لگانا شروع کیا یہ بک سٹال مین جگہ پر ہونے کی وجہ سے ہر خاص وعام کی نگاہوں کے سامنے تھا۔ اس لئے اکثر افراد میلہ میں داخل ہوتے ہی ہمارے بکسٹال میں آجاتے۔ ایک اندازہ کے مطابق اس بکسٹال پر 13 پادری صاحبان 22 اماموں سمیت 5000 افراد نے وزٹ کیا۔

احمدیہ بکسٹال اس میلہ میں واحد سٹال تھا جہاں ......کتب رکھی گئی تھیں۔

ایک وزیر نے بتایا کہ میں گھانا سے آیا ہوں اور وہاں احمدیوں کو جانتا ہوں۔ اور اس میلہ میں یہ سٹال دیکھ کر خوشی ہوئی۔

میلہ کے دوران کل 500 کی تعداد میں جماعتی تعارف پر مشتمل پمفلٹ دئے گئے۔ اس بکسٹال کو یہ بھی اہمیت حاصل ہے کہ مکرم عبدالقیوم پاشا صاحب امیر و مربی انچارج آئیوری کوسٹ آبی جان سے تشریف لائے۔ اسی طرح دابوشہر کے پولیس کمشنر بھی اس سٹال کو دیکھنے کے لئے آئے۔ مکرم امیر صاحب نے پولیس کمشنر صاحب کو مختلف جماعتی لٹریچر پیش کیا۔

اس بکسٹال میں اللہ کے فضل سے ایک لاکھ پچیس ہزار سات سو پچاس فرانک سیفا کی کتب فروخت ہوئیں۔ ان کتب میں سب سے زیادہ نماز فرنچ ترجمہ کے ساتھ فروخت ہوئی۔

اس سٹال پر روزانہ دو مقامی معلمین بھی ہوتے تھے جو مقامی زبان جُولا (Jula) اور فرنچ میں لوگوں کو جماعتی تعارف کرواتے۔ بکسٹال کے دوران چار صد افراد کو جماعتی تعارف کروایا گیا اور ان کے سوالات کے جوابات بھی دئے۔

بکسٹال کے دوران 2008ء کا مبارک سال جو کہ خلافت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کا سال ہے شروع ہوا تو دابوریجن کے تمام افراد کو بکسٹال سے صد سالہ خلافت جوبلی کا دعائیہ کیلنڈر اور کتاب ''برکات خلافت'' فرنچ زبان میں خریدنے کی تلقین کی گئی۔ چنانچہ 235 احمدی گھرانوں نے استفادہ کیا۔

امسال بکسٹال کے ذریعہ دابوریجن کے گورنمنٹ افسران جن میں گورنر، نائب گورنر، کمانڈر ملٹری پولیس، پولیس کمشنر، میئر، ڈائریکٹر بجلی، ڈائریکٹر ٹیلیفون، ڈائریکٹر واٹر سپلائی اور تمام گورنمنٹ سکولوں کے ڈائریکٹر صاحبان کو جماعت احمدیہ کی طرف سے نئے سال کی مبارکباد سمیت جماعتی تعارف پر مشتمل پمفلٹ اور کتب کے تحائف دئے گئے۔

اللہ تعالیٰ اس سٹال کے ذریعہ دابوریجن میں احمدیت کی ترقی کے دوررس نتائج ظاہر فرمائے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 18 اپریل 2008ء)

(بقیہ صفحہ 3)

پہلے کینیڈا اسے پاکستان آگئی تھی۔ ان سب کے لئے بڑا عظیم سانحہ اور غم کا طوفان ہے۔ اللہ تعالیٰ صبر جمیل عطا فرمائے اور ہر طرح سے حافظ و ناصر ہو۔ آمین

وفات سے چند روز پہلے ڈاکٹرز ہسپتال کے کمرہ نمبر 412 میں (غالباً 6 مارچ کو) میری ان سے تفصیلی ملاقات ہوئی اور نصف گھنٹہ ہم پرانی یادیں تازہ کرتے رہے۔ ایک واقعہ یہ بھی سامنے آیا کہ ایک دفعہ فرم میں بحران تھا سب کو باری باری اندر افسر اعلیٰ اپنے پاس بلا رہے تھے۔ ہم نے آپس میں کہا ہمارے لئے کوئی خطرہ نہیں کیونکہ ہم نے روحانی انشورنس کروائی ہوئی ہے۔ یعنی وصیت کروائی ہوئی ہے۔ اس لئے ہمیں کوئی خطرہ نہیں۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ہماری لاج رکھ لی اور ہمیں نہیں بلایا گیا۔ مرحوم نے ایک باروقف زندگی کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا تھا لیکن مرکز نے مناسب سمجھا کہ لگا ہوا روزگار نہ چھوڑیں اور ابھی نوکری کرتے رہیں۔

بلی کی آنت

(Cat Gut)

یہ کوئی بلی کا عضو نہیں بلکہ آنت جیسی شے ہے جراحی میں جسم کے اندرونی زخم سینے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ بھیڑ کی آنتوں سے بنتی ہے۔

☆......☆......☆

ماخوذ

پھلدار پودوں کی نگہداشت

پھلدار پودوں کی کھاد کی ضروریات دیگر اجناس سے مختلف ہوتی ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں باغات میں کھادوں کے متوازن استعمال کی طرف سے کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ہمارے ہاں باغات میں کھادوں کا استعمال نہ ہونے کے برابر ہے اور اگر ہے بھی تو غیر متوازن ہے اور چند اقسام کے پھلوں تک محدود ہے۔ مثلاً آم، ترشاوہ پھل اور کیلا وغیرہ۔ کھادوں کے غیر متوازن استعمال کی وجہ سے باغات کی پیداوار اور آمدن حوصلہ شکن ہے جو باغات کے فروغ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ لہٰذا کاشتکار بھائیوں کو چاہئے کہ وہ باغات میں کھادوں کی باقاعدہ منصوبہ بندی تجزیہ اراضی کی بنیاد پر کریں۔ اس ضمن میں ایف ایف سی کی جدید کمپیوٹرائزڈ لیبارٹریوں سے مفت تجزیہ کروائیں تاہم اگر تجزیہ نہ کرواسکیں تو مندرجہ ذیل عوامل کو ملحوظ خاطر رکھیں۔

1۔ باغات میں گوبر کی کچی تازہ کھاد نہ ڈالیں کیونکہ اس سے دیمک کا اندیشہ ہوتا ہے ہمیشہ اچھی طرح گلی سڑی گوبر والی کھاد کا استعمال کریں۔

2۔ کھاد ڈالنے سے قبل تنوں کے ساتھ مٹی کی تہہ چڑھائیں تاکہ پانی براہ راست تنوں کو نہ چھوئے۔

3۔ کھاد ہمیشہ پتوں کی چھتری کے نیچے تنے سے ایک فٹ دور بکھیریں اور ہلکی گوڈی سے زمین میں ملا دیں نیز اس کے فوراً بعد پانی لگائیں۔

شاخ تراشی

پودا لگاتے وقت ہی اس کی مطلوبہ شکل بنانے کی کوشش کریں بصورت دیگر بعد میں پودوں کی بڑھوتری یا پھیلاؤ اس قدر زائد ہو جاتا ہے کہ کاشتکار کانٹ چھانٹ میں ہچکچاہٹ محسوس کرنے لگتے ہیں اور یوں پودوں کی مناسب شکل اور صحیح پیداوار حاصل نہیں ہوتی۔ پھل توڑنے کے بعد موسم گرما اور موسم سرما کے بعد پودوں کی بیمار سوکھی اور غیر ضروری شاخوں کو کاٹ دیں۔ پت جھڑ والے پودوں میں ہر سال کانٹ چھانٹ ضروری ہوتی ہے۔ اس طرح ان پودوں میں پھوٹ یا شاخوں کی کاٹ اعلیٰ معیار کا پھل حاصل کیا جاسکتا ہے۔ یہ عمل پتے گرنے سے لے کر نئی پوٹ آنے تک مکمل کریں۔ سدا بہار پودوں میں کم کانٹ چھانٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ مندرجہ ذیل پھلدار پودوں کی شاخ تراشی اس طرح کریں۔

آڑو: ابتدائی سالوں میں پودوں کو پُرکشش بنانے اور کھلے زاویوں کی شکل دینے کے لئے تربیت کریں تاکہ پودا مضبوط صحت مند اور لمبی عمر تک برابر رہے بعد ازاں ہر سال شاخ تراشی کریں اس کے لئے عموماً دسمبر جنوری میں جب پودے خوابیدہ حالت میں ہوں تب شاخ تراشی کریں۔

خوبانی: پھلدار پودوں کی بڑی شاخوں سے نکلنے والی ثانوی شاخوں کو جو کہ 25 سینٹی میٹر لمبی ہوں کو کاٹ دیں بڑی اور بغیر پھل والی پہلو سے نکلتی ہوئی شاخیں مکمل طور پر کاٹیں۔

آلو بخارا: پودے لگا کر تنے کو ایک میٹر کی بلندی پر کاٹ دیں۔ تنے پر مختلف اطراف میں 3 تا 5 شاخیں رکھیں۔ نچلی شاخ تقریباً 60 سینٹی میٹر کی بلندی پر رکھیں۔ بعد ازاں ہر شاخ کو 30 سینٹی میٹر کے فاصلے پر کاٹ دیں۔ اس طرح 3,2 سالوں میں شاخ تراشی سے مناسب اور متوازن شکل کے پودے حاصل ہو جاتے ہیں۔ بڑے پودوں کی ہر سال موسم سرما میں شاخ تراشی کریں۔

بادام: پودوں کو نرسری سے نکالنے کے بعد 45 سے 60 سینٹی میٹر اونچا چھوڑ کر سرا کاٹ دیں۔ شاخیں وغیرہ نہیں چھوڑنی چاہئیں۔ کیونکہ ان کی وجہ سے پودے ہوا سے ہلتے ہیں اور سوکھ جاتے ہیں۔

انگور: انگور کا زیادہ پھل حاصل کرنے اور بیلوں کو تربیتی نظام پر قائم رکھنے کے لئے شاخ تراشی نہایت ضروری ہے یہ اس وقت کی جاتی ہے جب پودے خوابیدہ حالت میں ہوں تاہم اگر شاخیں زیادہ بڑھ رہی ہوں تو موسم گرما میں بھی تھوڑی بہت شاخ تراشی کی جاسکتی ہے۔ شاخ تراشی کے دوران شاخوں کو زخمی ہونے سے بچائیں۔

انار: زمین سے اوپر 30 سے 40 سینٹی میٹر تنے کی لمبائی پر تنے پر 3 تا 4 شاخیں جو تنے پر ایک دوسرے سے ہر طرف تھوڑے فاصلے پر متوازی ہوں انہیں چھوڑ کر باقی غیر ضروری اور کمزور شاخوں کو کاٹ دیں۔ بعد ازاں بیمار، مرجھائی ہوئی اور الجھی ہوئی ٹہنیوں اور کچے گلوں کے سوا انار کی بہت کم شاخ تراشی کی جاتی ہے۔

ناشپاتی: شاخ تراشی کا عمل نئی شاخوں تک محدود رکھیں نیز ٹوٹنے والی الجھی ہوئی اور کمزور شاخیں بھی کاٹ دیں۔ بڑی شاخوں کو بہت کاٹنا چاہئے۔

آبپاشی

باغات کے لئے آبپاشی کی منصوبہ بندی میں کئی عوامل مدنظر رکھے جاتے ہیں جن میں باغ کی عمر، پودے کی جسامت اور پتوں کا نظام، جڑوں کا نظام موسمی حالات، زمین کی کیفیت وغیرہ شامل ہیں۔ باغات میں اس امر کا خاص خیال رہے کہ 6 انچ سے نیچے زمین خشک نہ ہونے پائے۔ آبپاشی کے وقفوں کے دوران صرف زمین کی اوپر والی سطح خشک ہونی چاہئے۔ پودے کے اوپر والے پتے (کونپلیں) جونہی نیچے مڑنے لگیں فی الفور آبپاشی کریں۔ لیکن اس بات کا خیال رہے کہ جب پودوں پر پھول آرہے ہوں تو اس وقت ہرگز پانی نہ دیں کیونکہ اس سے بارآوری متاثر ہوتی ہے نیز پودوں کو کھاد کے بعد آبپاشی نہایت ضروری ہے۔ اس طرح سردی اور بارشوں میں پانی کا وقفہ زیادہ رکھیں تاہم کورا پڑنے پر باغات کو کورے کے نقصان دہ اثرات سے بچانے کے لئے پانی دیتے رہیں۔

مذکورہ پودوں کے لئے آبپاشی کا شیڈول یہ ہونا چاہئے۔

نقصان دہ حشرات اور بیماری سے تحفظ

منافع بخش باغبانی کے لئے نقصان دہ حشرات اور بیماریوں سے باغات کو بچانا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ ان سے باغات کی آمدن 30 سے 35 فیصد تک کم ہو جاتی ہے۔ صاف ستھرے اور بیماریوں، کیڑوں کے حملے سے بچے ہوئے پھل پُرکشش اور زائد منافع دینے والے ہوتے ہیں۔ اگرچہ مختلف پھلدار پودوں کی بیماریاں اور نقصان رساں حشرات مختلف ہیں لیکن مندرجہ ذیل مفید تدابیر پر عمل پیرا ہو کر کافی حد تک ہمارے کاشتکار باغات کا تحفظ کرسکتے ہیں۔

بیماریوں سے پاک صحتمند پودوں کا انتخاب کریں اور انہیں موزوں فاصلہ پر کھیت میں لگائیں۔ پودوں کی خوراک کی ضرورت کو صحیح پورا کر دیں نیز جڑی بوٹیوں اور گھاس پھوس سے باغات کو صاف رکھیں۔

باغات کی کانٹ چھانٹ کے دوران بیمار اور سوکھی شاخیں کاٹ دیں نیز بیمار پودوں کی جگہ صحتمند پودے منتقل کریں۔

مندرجہ بالا عوامل کے علاوہ باغات کو نقصان رساں حشرات اور بیماریوں سے تحفظ دینے کے لئے درج ذیل حکمت عملی اپنائیں۔

برداشت

ہمارے ہاں پھلوں کی پیداوار کا اچھا خاصا حصہ برداشت اور فروخت کے دوران بے احتیاطی اور لاپرواہی سے ضائع ہو جاتا ہے۔ پھلوں کی برداشت درجہ بندی اور فروخت کو خصوصی اہمیت دینی چاہئے۔ اس ضمن میں ذیل میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔ پھلوں کو نہ تو پکنے سے پہلے اور نہ پکنے کے بعد دیر سے توڑیں کیونکہ کچے پھلوں میں تیزابیت زیادہ ہوتی ہے جبکہ زیادہ پکے ہوئے پھل جلد گل سڑ جاتے ہیں لہٰذا پھلوں کو صحیح پختہ حالت، مناسب سائز اور صحیح رنگت کی حالت میں توڑیں نیز انہیں زخمی ہونے سے بچائیں۔

خربوزہ کی کاشت

ڈاکٹر قیصر لطیف چیمہ، خالد محمود، ڈاکٹر عبدالرشید

خربوزہ پنجاب کی اہم فصل ہے۔ غذائیت کے اعتبار سے خربوزہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اس میں 94 فیصد پانی، 5 فیصد نشاستہ اور ایک فیصد لحمیات پائے جاتے جبکہ حرارے، تھایامین، چونا، وٹامن اے اور سی ریبوفلیون وغیرہ جو انسانی جسم کی نشوونما کے لئے ازحد ضروری ہیں بھی وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔

آب وہوا

پنجاب کے تقریباً تمام میدانی علاقوں میں اس کی کاشت کی جاتی ہے۔ خربوزہ 21 درجہ سے 35 درجہ سینٹی گریڈ تک کاشت کی جاسکتی ہے۔ اس کی کامیاب فصل حاصل کرنے کے لئے گرم اور خشک موسم کی ضرورت ہے۔ خاص طور پر پھل پکتے وقت اگر موسم گرم اور خشک ہو تو پھل میٹھا ہوتا ہے۔ اگر بارشیں ہو جائیں اور فضا میں رطوبت بڑھ جائے تو پودوں اور بیماریوں کا حملہ شدید ہو جاتا ہے۔ پھل پر برا اثر پڑتا ہے اور پھل کی مٹھاس کم ہو جاتی ہے۔ پنجاب کے جنوبی اضلاع جہاں موسم خشک رہتا ہے۔ خربوزہ کی فصل زیادہ کامیابی سے کاشت کی جاتی ہے۔

وقت کاشت

پنجاب میں خربوزہ کی دو فصلیں کاشت ہوتی ہیں۔ خربوزے کی فصل بہت نازک ہوتی ہے۔ اور تھوڑے سے کہر کو بھی برداشت نہیں کرسکتی اس لئے اس کی کاشت کہر کا خطرہ ٹلنے کے بعد کرنی چاہئے۔ موزوں وقت کاشت وسط فروری سے مارچ ہے۔ جبکہ دوسری فصل کی بوائی مخصوص علاقوں میں جہاں بارش نہیں ہوتی یا کم ہوتی ہے جولائی سے وسط اگست تک کریں۔

اقسام

ٹی۔ 96 اور راوی اعلیٰ پیداواری صلاحیت کی حامل مشہور ترقی دادہ اقسام ہیں۔

شرح تخم

خربوزہ کی کاشت کے لئے ایک سے ڈیڑھ کلو گرام فی ایکڑ بیج کافی ہوتا ہے۔

زمین اور اس کی تیاری

خربوزہ کی کاشت ہر قسم کی زمین میں کی جاسکتی ہے۔ لیکن زرخیز میرا زمین جس میں پانی کے نکاس کا اچھا انتظام ہو اس کی کاشت کے لئے نہایت موزوں ہے۔ زمین میں نامیاتی مادے کافی مقدار میں ہونے چاہئیں۔ اس کے لئے کاشت سے تقریباً ایک ماہ پہلے 12 سے 15 ٹن گوبر گلی سڑی کھاد فی ایکڑ ڈال کر زمین میں اچھی طرح ملا دیں۔ زمین تیار کرنے کے لئے ایک مرتبہ پلٹنے والا ہل چلائیں اس کے بعد تین چار دفعہ عام ہل چلائیں۔ اس کے علاوہ ہر مرتبہ ہل چلانے کے بعد سہاگہ بھی دیں۔ تاکہ ڈھیلے وغیرہ ٹوٹ جائیں اور زمین نرم اور بھربھری ہو جائے۔

کھادوں کا استعمال

بوائی کے وقت ایک بوری ڈی اے پی اور ایک بوری پوٹاش استعمال کریں اور جب فصل تین چار پتے نکال لے تو آدھی بوری یوریا فی ایکڑ ڈالیں اور پانی لگائیں۔ اس کے بعد پھول آنے پر آدھ بوری یوریا مزید ڈالیں۔ اس سے پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہو جائے گا۔

طریقہ کاشت

تیار شدہ زمین میں 2 سے 2½ میٹر کے فاصلے پر پٹڑیاں بنائی جائیں۔ پٹڑیوں کے درمیان آدھ میٹر چوڑی نالی ہونی چاہئے۔ پٹڑیوں کے دونوں کناروں پر بذریعہ چوکا 40-45 سینٹی میٹر کے فاصلہ پر دو تین بیج کاشت کریں یا ہموار زمین پر وتر حالت میں 2-2 کے فاصلے پر قطاروں میں کیرا کریں، بعد میں چھدرائی کر کے پودوں کا فاصلہ 45 سینٹی میٹر کر دیں۔

آبپاشی

پٹڑیوں پر کاشت کی جانے والی فصل کو بوائی کے فوراً بعد پانی اس طرح لگائیں کہ پانی کاشت شدہ بیج کی سطح سے نیچے رہے۔ دوسرا پانی ہفتہ بعد ضروری ہے تاکہ اگاؤ مکمل ہو سکے۔ اس کے بعد ہفتہ وار آبپاشی کرتے رہیں۔ بعد میں یہ وقفہ ضرورت کے مطابق کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔ ہموار زمین پر کاشت کردہ فصل کو ضرورت کے مطابق صرف دو یا تین پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

چھدرائی و گوڈی

جب فصل تین پتے نکال لے تو چھدرائی کریں۔ ہر جگہ پر ایک صحت مند پودا چھوڑ کر فالتو پودے نکال دے۔ بھرپور پیداوار اور اچھی کوالٹی کا خربوزہ حاصل کرنے کے لئے فصل کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھا جائے فصل کو جڑی بوٹیوں سے صاف رکھنے کے لئے دو تین بار گوڈی کریں اور پودوں کو مٹی بھی چڑھائیں۔

بیماریاں اور علاج

سفوفی پھپھوند

یہ بیماری ایک پھپھوند سے پھیلتی ہے۔ یہ پتے کی اوپر یا نیچے والی سطح پر سفید دھبوں کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔ حملہ ہونے کی صورت میں خربوزہ سائز میں چھوٹا بنتا ہے جس کی وجہ سے پیداوار پر برا اثر پڑتا ہے۔ فصل پر حملہ ہونے کی صورت میں محکمہ زراعت توسیع کے مقامی عملہ کے مشورے سے سفارش کردہ زہر سپرے کریں۔

روائیں دار پھپھوند

یہ بیماری بھی ایک پھپھوند سے پھیلتی ہے۔ شروع میں پتوں پر پیلے رنگ کے دھبے نظر آتے ہیں۔ بعد میں ان کا رنگ بھورا ہو جاتا ہے۔ پیداوار کو بہت زیادہ متاثر کرتی ہے۔ اس کے تدارک کے لئے فصل پر محکمہ زراعت توسیع کے مقامی عملہ کے مشورے سے سفارش کردہ زہر سپرے کریں۔

انتھریکنوس

یہ بیماری ایک پھپھوندی کی وجہ سے پھیلتی ہے۔ یہ تنے پر حملہ آور ہوتی ہے لیکن پھل اور پتوں کو بھی متاثر کرتی ہے اس بیماری کے حملہ کی وجہ سے تنے کا رنگ سرخی مائل بعد میں گہرا بھورا یا جامنی رنگ کا ہو جاتا ہے پھل پر حملہ ہونے کی صورت میں پھل پر سیاہ دھبے پڑ جاتے ہیں اور پھر اس جگہ سے سڑ جاتا ہے۔ حملہ ظاہر ہونے کی صورت میں محکمہ زراعت توسیع کے مقامی عملہ کے مشورے سے سفارش کردہ زہر سپرے کریں۔

برداشت

جب خربوزے بیل پر اچھی طرح پک جائیں تو انہیں توڑ لیں بہت زیادہ پکے ہوئے پھل مارکیٹ میں اچھی قیمت نہیں دیتے۔

بیج پیدا کرنے کے لئے درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

خربوزہ میں نر اور مادہ پھول ایک ہی پودے پر مگر الگ الگ ہوتے ہیں۔ اس لئے اس فصل میں اختلاط نسل کافی ہوتا ہے۔ ان فصلوں کا بیج پیدا کرنے کے لئے بھی دو اقسام کے درمیان کم از کم سے 1.5 میٹر فاصلہ رکھیں تاکہ خالص قسم کا بیج پیدا کرنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ فصل کی نشوونما کے دوران دو تین بار فصل کا مشاہدہ کریں اور ناخالص قسم، بیمار اور کیڑے مکوڑوں کے حملہ شدہ پودے نکال دیں۔ جب فصل پھول نکالنا شروع کر دے تو کھیت کے قریب شہد کی مکھیوں کے ڈبے رکھ دیں۔ ایسا کرنے سے بیج کی پیدوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔

خربوزہ میں صرف خالص نسل کے بہت میٹھے اور پکے ہوئے پھلوں سے بیج حاصل کرنا چاہئے۔ پھلوں کا رنگ سائز اور شکل ایک جیسی ہونی چاہئے اور پھل بیماریوں سے پاک بھی ہوں۔ پھر ان میں سے بیج نکال لیں اور دھوپ میں خشک کرنے کے لئے پھیلا دیں۔ جب بیج اچھی طرح خشک ہو جائے تو اسے بوریوں میں ڈال لیں اور حفاظت کے ساتھ ذخیرہ کر لیں۔ (نوائے وقت 17 نومبر 2007ء)

باغات

باغات سب سے پہلے مسلمانوں نے بنانے شروع کئے تھے یعنی ایسی خوبصورت جگہ جہاں بیٹھ کر انسان مراقبہ یا غور و فکر کر سکے۔ یورپ میں شاہی باغات اسلامی سپین میں گیارہویں صدی میں بننے شروع ہوئے تھے۔ کارنیشن اور ٹولپ کے پھول مسلمانوں کے باغات ہی کی پیداوار ہیں۔

تبرکات .... مکرم بشیر احمد صاحب آرچرڈ

شہد کے فوائد

قرآن کریم نے شہد کی مکھی کا ذکر کیا ہے

